A **810**

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023-24

ക്ലാസ്സ് : VIII **ഉർദു** സമയം : 1 ½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യ 15 മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
* ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവ്വം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
* ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

---

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

.1 محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے 1

بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچوّ، اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [علاّمہ محمد اقبال، شفیع الدین نیّر، اسماعیل میرٹھی]

.2 صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1

(a سسلی گیت گا رہا ہے۔ (b سسلی گیت گا رہے ہیں۔

(c سسلی گیت گا رہی ہے۔

.3 گروہ سے کیرلا کے تفریحی مقامات کے نام چن کر لکھیے۔ 1

[میسور، کالی کٹ، حیدر آباد، ویناڈ]

.4 ملیشیا جانا تو میرے لیے ناممکن ہے۔ یہ کون کہتا ہے؟ [گوپال جی، جولی، سسلی] 1

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔ 3x2=6

.5 جملے غور سے پڑھیے ان میں سے شہر کے بارے میں لکھے جملے چن کر لکھیے۔ 2

a) دور دور تک پھیلے ہرے بھرے کھیت ہیں۔

b) ہر وقت گاڑیوں کی بڑی بھیڑ ہے۔

c) ندی نالے کا پانی صاف ستھرا ہے۔

d) بڑی بڑی عمارتیں اور کارخانے ہیں۔

2 .6 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔ [نظم، کہانی، بیانیہ]

a	ہم کتنے غریب ہیں	آنند	....
b	علامہ اقبال	بچے کی دعا	....

2 .7 شعر غور سے پڑھیے۔ ان میں سے بچپن کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

a) لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدا یا میری

(b ہر وقت کھلونے ہیں اور عمدہ غذائیں ہیں
ماں باپ کی شفقت ہے اور ان کی دعائیں ہیں

(c ہو میرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

2 .8 مکالمے غور سے پڑھیے۔ مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ [مدن لال، آنند]

a	''اب میں سمجھ گیا واقعی ہم کتنے غریب ہیں۔''	....
b	''کیا ان غریبوں کو دیکھ کر تمہیں اپنی دولت مندی کا احساس ہوا؟''	....

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

3 .9 محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

بچو، بچپن خوب صورت زمانہ ہے۔
شعر کی روشنی میں بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

3 .10 آج کل لوگ پیڑ کاٹتے ہیں۔ ندی نالوں میں کچرے ڈالتے ہیں۔ فطرت برباد کرتے ہیں۔
فطرت کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔
بچو، فطرت کی حفاظت پر تین نعرے تیار کیجیے۔
جیسے : پیڑ بچاؤ، جان بچاؤ

11. بوڑھے گوپال کہتے ہیں کہ چھ سال سے میرا بیٹا ملیشیا میں ہے۔ 3
بچو، اگر آپ بوڑھے گوپال سے ملے تو کیا کیا پوچھیں گے ؟ تین سوالات تیار کیجیے۔
[اشارے : کہاں، کیا، کب، کیوں]

12. روہن کی ماں کہتی ہے، جامن کا پیڑ روہن اور اس کے ساتھیوں کی جان ہے۔ 3
بچو، پیڑ کاٹنے سے ہمیں کیا کیا مشکلات پیش آتی ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

13. مونّار کیرلا کا ایک تفریحی مقام ہے۔ 3
a) بچّو، اور دو تفریحی مقامات کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ تفریحی مقام کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

14. میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو 3
نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو
یہ دعائیہ نظم کا شعر ہے۔ اس شعر میں بچہ خدا سے دعا کرتا ہے۔
a) بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے ؟
b) آپ خدا سے کیا کیا دعا کرتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15. میرا نام گوپال ہے۔ میں اکیلا رہتا ہوں۔ 3
میرا بیٹا، بہو اور پوتی ملیشیا میں ہے۔ گوپال اپنے بارے میں کہتا ہے۔
بچّو، آپ بھی اپنے بارے میں لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4= 16

16. ''ہم کتنے غریب ہیں'' اشوک پورم گاؤں کی کہانی آپ نے پڑھی ہے نا؟ 4
a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

17. آنند اشوک پورم گاؤں دیکھ کر خوشی خوشی گھر واپس آیا۔ آنند کو دیکھ کر امّی پوچھنے لگی۔۔۔ 4
امّی : بیٹا، سفر کیسا تھا؟
امّی اور آنند کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

18. زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب 4
ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

a) ان اشعار کا شاعر کون ہے؟

b) غریبوں کی حمایت کرنا ہمارا فرض ہے۔
اشعار کی روشنی میں مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

19. آسمان سے باتیں کرنے والے اونچے اونچے پہاڑ، بہتی ہوئی ندیاں۔ 4
اشوک پورم گاؤں کی خوب صورتی دیکھ کر آنند بہت خوش ہوا۔
بچو، گاؤں کے نظارے کتنے حسین ہیں۔ گاؤں کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

20. آپ نے پارک دیکھا ہے نا؟ پارک میں کیا کیا ہیں؟ 4

a) پارک سے تعلق رکھنے والے چار الفاظ لکھیے۔

b) الفاظ کی مدد سے پارک کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

21. عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

علامہ محمد اقبال اردو کے مشہور شاعر ہیں۔ انہوں نے سیال کوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کی شاعری کی زبان سیدھا سادا تھی۔ بانگ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم ان کی شاعری کے مجموعے ہیں۔ 1938ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا۔

a) علامہ اقبال کون ہیں؟

b) علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

c) ان کی شاعری کی زبان کیسی تھی؟